فوری ریلیز کے لیے: 2023/25/5 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL کا یومِ یاددگار کی ہفتہ وار تعطیل پر تعمیراتی کاموں سے متعلقہ لین کی بندشوں کو معطل کرنے کا اعلان***

***لین کی بندشیں جمعہ، 26 مئی کی صبح 6 بجے سے منگل 30 مئی کی صبح 6 بجے تک معطل رہیں گی۔***

***گاڑی چلانے والوں کے لیے سڑک کے کنارے ہنگامی صورتحال اور مینٹیننس والی گاڑیوں کے لیے رفتار کم کرنے اور آگے بڑھنے کی تاکید***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاستِ نیو یارک کے ہائی ویز پر سڑک اور پل کے تعمیراتی منصوبوں کے لیے لینوں کی بندش جمعہ، 26 مئی کی صبح 6 بجے سے منگل، 30 مئی کی صبح 6 بجے تک معطل رہے گی، تاکہ یومِ یاددگار کی ہفتہ وار تعطیل پر سفر میں سہولت پیدا کی جا سکے۔

"یومِ یاددگار موسمِ گرما کا غیراعلانیہ آغاز ہوتا ہے، اور ریاست بھر میں نیو یارک کے باشندگان اس وقت کا اپنے دوستوں اور اہلِ خانہ کے ہمراہ لطف اٹھانے کے لیے سفر پر نکلیں گے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم ریاست کی سڑکوں پر تعمیرات کو معطل کر رہے ہیں تاکہ ٹریفک کے دباؤ میں کمی لائی جا سکے اور یہ یقینی بنایا جائے کہ ہر کوئی بحفاظت اور کم سے کم تاخیر سے اپنی منزلِ مقصود تک پہنچے۔ اس ویک اینڈ پر سفر کرنے والے ہر شخص پر میں زور دیتی ہوں کہ وہ پیشگی منصوبہ بندی اور ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کے ذریعے اپنا کردار ادا کرے۔"

گاڑی چلانے والوں کو اس بات سے آگاہ ہونا چاہیے کہ کنکریٹ کی مستقل رکاوٹوں کے پیچھے یا ہنگامی مرمتوں کے لیے شاید کچھ کام جاری رہ سکتا ہے۔ تعمیرات کی معطلی ریاستِ نیو یارک میں سب سے پہلے ڈرائیورز ( Drivers First Initiative) نامی پیش رفت سے مطابقت رکھتی ہے، جو موٹر سواروں کی سہولت کو ترجیح دیتی ہے تاکہ سڑک اور پل پر کام کی وجہ سے ٹریفک کے دباؤ اور سفر میں تاخیر کو کم سے کم کیا جا سکے۔

[AAA](#) نے اندازہ لگایا ہے کہ 42.3 ملین لوگ یومِ یاددگار کی ہفتہ وار تعطیل پر سفر کریں گے، جو 2022 کے مقابلے میں 7 فیصد زیادہ ہے۔ AAA کا اندازہ ہے کہ صرف بذریعہ کار سفر کرنے والوں کی تعداد میں ہی گزشتہ برس کے مقابلے میں 6 فیصد اضافہ ہو گا، اور کل دو لاکھ ڈرائیورز کے ساتھ کل 37.1 افراد سفر کریں گے۔

گاڑی چلانے والوں کو ریاست کے Move Over قانون کی پیروی کرنی چاہیے، جو گاڑی چلانے والوں سے درکار کرتا ہے کہ ریاست بھر میں سڑکوں کے کنارے روکی گئی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی گاڑیوں، فائر ٹرکس، ایمبولینسوں، ٹَو ٹرکس اور تعمیراتی یا انتظامی گاڑیوں کے لیے رفتار کم کریں اور محفوظ طریقے سے آگے بڑھتے رہیں۔

ٹیکسٹ اسٹاپس جن میں 'پارک کریں اور سفر کریں' کی سہولیات، آرام گاہیں، سروس ایریاز اور ریاستی ہائی ویز کے ساتھ ساتھ قائم پارکنگ کے لیے جگہیں شامل ہیں، منتشر ذہن کے ساتھ ڈرائیونگ میں کمی کے لیے ریاستی کوششوں میں معاونت کرتے ہیں۔تمام ٹیکسٹ اسٹاپس کھلے رہیں گے، جو ایسے مقامات فراہم کرتے ہیں جہاں پر ڈرائیورز بحفاظت اور آسانی کے ساتھ کال، ٹیکسٹ، راستہ دیکھنے اور موبائل ایپس تک رسائی کے لیے اپنے فون اور دیگر

موبائل ڈیوائسز کو استعمال کر سکتے ہیں۔ ڈرائیونگ کے دوران ٹیکسٹنگ کرنا خاص طور پر خطرناک ہے، کیونکہ اس کے لیے گاڑی چلانے والوں کو اپنی نظر سڑک سے، ہاتھ سٹیئرنگ وہیل سے اور ذہن کو ڈرائیونگ سے ہٹانا پڑتا ہے۔

تھرووے اتھارٹی موٹر سواروں کو یہ یاددہانی کرواتی ہے کہ $450 ملین مالیت کی نجی سرمایہ کاری و جدت کے پروجیکٹ کے تحت 10 سروس ایریاز بند اور زیرِ تعمیر ہیں۔ تمام مقامات پر ایندھن کی خدمات کھلی رہیں گی۔ موٹر سوار تھرووے اتھارٹی کی ویب سائٹ اور ان کی مفت موبائل ایپ کے اوپر سروس ایریاز دیکھ سکتے ہیں اور اپنے پڑاؤ طے کر سکتے ہیں۔

**محکمۂ آمد و رفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا کہ،** "سفر، خاص کر تعطیل والے ایک مصروف ویک اینڈ پر مشکل اور دباؤ کا باعث ہو سکتا ہے، لہٰذا ریاستِ نیو یارک کے محکمۂ آمد و رفت میں ہمارا یہ ہدف ہے کہ سفر کو جتنا ممکن ہو آسان اور محفوظ بنایا جائے۔ گورنر Hochul نے تعمیراتی سرگرمیوں کی معطلی کے ذریعے اس سلامتی اور سہولت کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا ہے، جو مسافروں کو ممکنہ حد تک کم سے کم خلل انگیزیوں کے ساتھ اپنی منزلِ مقصود تک پہنچنے کے قابل کرے گی۔ میں تمام موٹر سواروں پر زور دیتی ہوں کہ اپنی سیٹ بیلٹس باندھیں، اپنے فونز کو نیچے رکھ دیں، اور توجہ دیں - تاکہ ہر ایک اپنی اپنی منزلِ مقصود تک بحفاظت پہنچ جائے۔"

**تھرووے اتھارٹی کے عبوری ایگزیکٹو ڈائریکٹر Frank G. Hoare نے کہا،** "یومِ یاددگار کی ہفتہ وار تعطیل پر عموماً سڑکیں بہت مصروف رہتی ہیں، اور تعمیرات کی معطلی ٹریفک کے دباؤ اور ہونے والی تاخیر میں کمی لانے میں مدد دے گی۔ تعمیراتی کام اگرچہ معطل ہیں، لیکن ہنگامی سرگرمیاں اور سڑک کنارے موجود کارکنان پھر بھی موقع پر موجود ہوں گے اور مسافروں کی معاونت کریں گے۔ موٹر سواروں کے لیے یہ انتہائی اہم ہو گا کہ وہ چوکس رہیں، اور جب انہیں سڑک کنارے ہنگامی کام کرنے والی گاڑیاں دکھائی دیں تو وہ رفتار آہستہ کریں اور گزر جائیں۔ ذمہ داری کے ساتھ ڈرائیونگ کرنے سے زندگیاں بچائی جا سکتی ہیں۔"

**ریاست نیو یارک کے موٹر گاڑیوں کے محکمے کے کمشنر اور گورنر کی کمیٹی برائے ٹریفک سلامتی کے چیئر Mark J.F. Schroeder نے کہا کہ،** "موسم کے نسبتاً گرم ہوتے ہی، ہم میں سے بہت سارے لوگ موسم گرما میں سفر کے لائق نئی منازلِ مقصود کھوجنے کے لیے سڑکوں پر نکلنے کے لیے بےتاب ہیں۔ گاڑیوں کی تعداد میں اضافے کے ساتھ ہی ساتھ اس بات کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے کہ ڈرائیورز سڑک پر پوری طرح توجہ نہ دیں، نیز تصادم کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ ہر فرد کے لیے یہ انتہائی اہم ہے کہ وہ راستے میں موجود اپنے ساتھی مسافروں کے حوالے سے چوکسی اختیار کرنے میں اپنا کردار ادا کرے تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ ہر ایک فرد اس مقام پر محفوظ اور سلامتی کے ساتھ پہنچ جاتا ہے جہاں کے لیے وہ عازم سفر ہے۔"

**ریاستِ نیو یارک کی پولیس کے قائم مقام سپرنٹنڈنٹ Steven A. Nigrelli نے کہا،** "ہائی ویز وہ جگہیں ہیں جہاں ہنگامی حالات میں مدد کرنے والوں اور ہماری سڑکوں کی دیکھ بھال کرنے والوں کو سب سے زیادہ خطرناک کام کے ماحول کا سامنا ہوتا ہے۔ یومِ یاددگار کی ہفتہ وار تعطیل پر نہ صرف بہت سی تقریبات ہوں گی، بلکہ پوری ریاستِ نیو یارک میں سفر میں بھی اضافہ ہو گا۔ اگرچہ سڑک پر تعمیراتی کام معطل رہیں گے، تاہم موٹر سواروں کو سڑک کے اصولوں کی پیروی جاری رکھنی چاہیئے۔ موٹر سواروں کو یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ علاقے جہاں کام جاری ہے، وہاں احتیاط کے ساتھ ڈرائیونگ کریں، رفتار کے حوالے سے نصب پیغام کی پیروی کریں، ہنگامی اور مرمتی کام کرنے والی گاڑیوں کی موجودگی کے حوالے سے چوکس رہیں اور نشے کی حالت میں ڈرائیونگ نہ کریں۔ باہم مل جل کر، ہم اس ہفتہ وار تعطیل کا بحفاظت جشن منانے کی جانب قدم بڑھا سکتے ہیں۔"

تھرووے اتھارٹی گاڑی چلانے والوں کو اپنی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کی ترغیب دیتی ہے، جو IPhone اور Android ڈیوائسز پر مفت ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے۔ یہ ایپ گاڑی چلانے والوں کو سفر کے دوران ریئل ٹائم ٹریفک اور نیویگیشن کی معاونت تک براہ راست رسائی فراہم کرتی ہے۔ موٹر سوار TRANSalert کی ای میلز کے لیے بھی سائن اپ کر سکتے ہیں، جو تھرووے پر تازہ ترین حالات سے آگاہ کرتی ہے۔

Twitter پر تھرووے اتھارٹی کو @NYSThruway پر اور Facebook پر New York State Thruway Authority پر فالو کریں۔

سفر سے قبل، مسافر NYSDOT کی 511NY کو 5-1-1 پر کال کر کے، 511 کی ویب سائٹ ملاحظہ کر کے، یا 511NY کی موبائل ایپ iTunes یا Google Play سے ڈاؤن لوڈ کر کے چیک کر سکتے ہیں۔ یہ مفت سروس صارفین کو سڑک کے حالات معلوم کرنے، 2219 ٹریفک کیمرے دیکھنے، نیز ہوائی اور ٹرانزٹ کی معلومات سے منسلک ہونے کی اجازت دیتی ہے۔ اس ایپ میں ڈرائیو موڈ کی خصوصیت ہے، جو صارف کے گاڑی چلانے کے دوران منتخب کردہ راستے پر قابل سماعت الرٹس فراہم کر کے انہیں واقعات اور تعمیرات کے بارے میں خبردار کرتی ہے۔

ریاستِ نیو یارک کے DOT (محکمہ آمد و رفت) کو Twitter پر @NYSDOT پر اور Facebook پر New York State Department of Transportation پر فالو کریں۔

محکمۂ موٹر گاڑیاں (Department of Motor Vehicles) ڈرائیوروں سے گزارش کرتا ہے کہ اگر وہ کسی جشن کے مقام پر ممکنہ طور پر شراب نوشی کرتے ہیں تو وہاں سے گھر جانے کا محفوظ راستہ تلاش کرنے میں مدد کے لیے Have a Plan ایپ استعمال کریں۔ گورنر کی ٹریفک سیفٹی کمیٹی اور NYS STOP-DWI فاؤنڈیشن کی جانب سے مفت ایپ صارفین کو ڈرائیور نامزد کرنے، ٹیکسی یا رائیڈ شیئر کو کال کرنے اور گاڑی چلانے کے قابل نہ ہوتے ہوئے گاڑی چلانے کے نتائج کا جائزہ لینے کیا موقع دیتی ہے۔ یہاں تک کہ صارفین شراب یا منشیات کے نشے میں دھت ڈرائیور کی اطلاع دینے کے لیے بھی ایپ کا استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ ایپ Apple، Android اور Windows اسمارٹ فونز کے لیے بھی دستیاب ہے۔

DMV کو Twitter پر @NYSDMV پر اور Facebook پر New York State Department of Motor Vehicles پر فالو کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418